DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 29.05.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | چین کے بھرپور تعاون سے پاکستان کی اقتصادی ترقی تیز ہوگی، جعفر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے بزنس کمیونٹی کی تجاویز کا خیر مقدم کرینگے، میر سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | جاپان کو گلابی نمک کی برآمدات تین ملین ڈالر تک پہنچ گئی ہیں، جام کمال | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | عوامی مفاد کی اسکیموں کیلئے فنڈز فوری جاری کئے جائیں گے، شعیب نوشیروانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | بھٹو نے دباؤ کے باوجود پاکستان کو جوہری طاقت بنایا، علی حسن زہری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | جوہری طاقت کا حصول قومی وقار کا اعلان تھا، نوابزادہ خالد مگسی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | یوم تکبیر پاکستان کی دفاعی صلاحیت کی اظہار کا دن ہے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | ایم ایچ ایچ سے متعلق مثبت اقدامات کی حمایت کرینگے، راحیلہ حمید درانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | 28 مئی نے پاکستان کو ناقابل تسخیر بنایا، محمد صادق عمرانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | اراکین بلوچستان اسمبلی کا اجلاس وزیراعلیٰ کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | کوئٹہ کے 6 ارکان اسمبلی کا وزیراعلیٰ کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | 28 مئی کا دن پاکستانی تاریخ کا ایک سنہرا باب ہے، مشیر بلدیات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | 28 مئی 1998 کا دن پاکستان کی تاریخ کا وہ سنہری باب ہے، ربابہ بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہم زندہ قوم ہیں، فیصل جمالی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | محکمہ تعلیم ڈائریکٹر اسکولز کے اکاؤنٹس میں 6 ارب 40 کروڑ روپے کہ بے قاعدگیوں کا انکشاف | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | سرکاری افسران کے جھگڑے کی بے بنیاد خبر وائرل کی گئی، ایس ایس پی آپریشن | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | کوئٹہ میں جلسے کی اجازت نہ ملی پی ٹی آئی بلوچستان کا عدالت جانے کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | یوم تکبیر کے موقع پر ایف سی نارتھ کے زیر اہتمام تقریبات اور ریلیاں | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

موسیٰ خیل فورسز کا آپریشن مسافروں کی شہادت میں ملوث چار دہشتگرد ہلاک، کوئٹہ موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کا سرغنہ ساتھی سمیت زخمی حالت میں گرفتار، رشوت اور بدعنوانی پر 18 اضلاع کے 62 لیویز اہلکار معطل، نصیر آباد متاثرین سیلاب کیلئے کروڑوں مالیت سولر پنکھے ودیگر سامان غائب

## عوامی مسائل:

نوکچا سے نوشکی تا لکپاس شاہراہ کی تعمیر میں تاخیر، حادثات اور دیگر مشکلات کا سامنا، کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پانی کا بحران سر اٹھانے لگا، جناح روڈ کوئٹہ پر دکانداروں کا راج فٹ پاتھ پر بھی قبضہ ریڑھیاں لگا کر آمدورفت بند کردیا

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 29.05.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے " **بلوچستان بھر میں پولیو کی مہم کا اغاز** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان بھر میں پولیو کی سات روزہ مہم کا آغاز کر دیا گیا تمام اضلاع میں ڈی سی صاحبان نے اس طرح صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے سرہ غڑگئی میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلا کر باقاعدہ پولیو مہم کا آغاز کر دیا پولیو مہم کے دوران 26 لاکھ 60 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے انسداد پولیو مہم کے دوران بچوں کو وٹامن اے کے قطرے بھی پلائے جائیں گے ایمرجنسی سینٹر بلوچستان کے کوارڈی نیٹر انعام الحق نے کہا ہے کہ انسداد پولیو مہم کی بلوچستان بھر میں تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں انہوں نے کہا ہے کہ ماحولیات میں پولیو وائرس کی موجودگی کی وجہ سے والدین کو خبردار کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں، بلوچستان بھر میں پولیو کی سات روزہ مہم کا آغاز ہونا قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ بدقسمتی سے ہمارے ہاں اب بھی پولیو کے کیس رپورٹ ہو رہے ہیں حالانکہ پوری دنیا میں اس کا خاتمہ ہو گیا ہے لیکن پاکستان میں اب بھی کیسز آ رہے ہیں ان میں اکثر کیسز افغانستان سے آتے ہیں بلوچستان میں میں پولیو مہم جب بھی شروع ہوتی ہے اس میں متعلقہ ادارے سرانجام دیتے ہیں پولیو مہم کے دوران کئی سیکورٹی اور پولیو اہلکار جام شہادت بھی نوش کر چکے ہیں جو کہ اس موذی مرض کے خاتمے کیلئے بڑی قربانی ہے پولیو مہم کی کامیابی میں سب سے بڑا کردار والدین کا ہے ان کو چاہئے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں۔

**اداریے:**

روزنامہ انتخاب کوئٹہ " **قوم کو یوم تکبیر مبارک بہت کچھ کرنا باقی ہے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے " **یوم تکبیر ہیروز کو یاد رکھیں** " کے عنوان سے محمد سعید کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# چین کے بھرپور تعاون سے پاکستان کی اقتصادی ترقی تیز ہوگی، جعفر مندوخیل

## معاہدوں سے بلوچستان کے اسٹوڈنٹس کو پی ایچ ڈی اور ماسٹر ڈگری اسکالرشپس کیلئے خصوصی توجہ ملے گی

## ماضی کی حکومتیں جامع حکمت عملی و ترقی کے تسلسل کو جاری نہ رکھ سکیں جن کا خمیازہ ہم سب بھگت رہے ہیں

### دنیا کی دونوں ترقی یافتہ اور ترقی پذیر اقوام کے درمیان شراکت داری کو فروغ دیں گے۔ گورنر بلوچستان

شنگھائی (ع ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ میں نے اپنی عملی سیاسی زندگی میں انسان اور انسانیت کی مساوی ترقی کے درمیان ایک رابطہ منقطع دیکھا ہے۔ اس لئے ارتقاء اور ترقی کی تاریخ میں انسان کی قابل فخر ترقی اور انسانیت کی پسماندگی کے درمیان خلا کو پُر کرنے کیلئے دنیا کی دونوں ترقی یافتہ اور ترقی پذیر اقوام کے درمیان شراکت داری کو فروغ دینا، علم و سائنس کے تبادلے اور ........

بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

معاشی ترقی کو آگے بڑھانا، بنی نوع انسان کیلئے ایک مشترکہ مگر استحصال سے پاک روشن مستقبل بنانے میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شنگھائی میونسپل گورنمنٹ کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری (Lui Ping) سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ دریں اثنا شنگھائی میونسپل فارن آفس کے ڈائریکٹر جنرل (LiangYE)، چائنیز پیپلز انسٹیٹیوٹ آف فارن افیئرز (ایشین، افریقن اور لاطینی امریکن افیئرز) کے ڈپٹی ڈائریکٹر (Lui Lia) بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے اپنے وفد کے ہمراہ تونگی (Tong) آرکیٹیکچر انجینئرنگ یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ آج کے آرکیٹیکچر انجینئرنگ یونیورسٹی چائنا کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت یہ یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان کے اسٹوڈنٹس کو پی ایچ ڈی اور ماسٹر ڈگری اسکالرشپس کیلئے خصوصی توجہ ملے گی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 29 MAY 2025 Page No. ______

## چین کے تعاون سے اقتصادی ترقی تیز کر سکتے ہیں، گورنر بلوچستان

**توانائی، ٹیکنالوجی، معدنیات اور زراعت میں چیلنجز کا سامنا ہے، شنگھائی میں خطاب**

**پی ایچ ڈی/ماسٹر ڈگری اسکالرشپس میں بلوچستان کے طلباء کو خصوصی توجہ دینے کی یقین دہانی**

شنگھائی (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ میں نے اپنی عملی سیاسی زندگی میں انسان اور انسانیت کی مساوی ترقی کے درمیان ایک رابطہ منقطع دیکھا ہے اس لئے ارتقاء اور ترقی کی تاریخ میں انسان کی قابل فخر ترقی اور انسانیت کی پسماندگی کے درمیان خلا کو پُر کرنے کیلئے دنیا کی دونوں ترقی یافتہ اور ترقی پذیر اقوام کے درمیان شراکت داری کو فروغ دینا، علم و سائنس کے تبادلے اور معاشی ترقی کو آگے بڑھانا، بنی نوع انسان کیلئے ایک مشترکہ مگر استحصال سے پاک روشن مستقبل بنانے میں معاون ثابت ہو سکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے شنگھائی میونسپل گورنمنٹ کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری (Lui Ping) سے بات چیت کرتے ہوئے کیا شنگھائی میونسپل فارن آفس کے ڈائریکٹر جنرل (YE Liang) چائنیز پیپلز انسٹیٹیوٹ آف فارن افیئرز (ایشین، افریقن اور لاطینی امریکن افیئرز) کے ڈپٹی ڈائریکٹر (Lui Lian) بھی موجود تھے۔ گورنر نے وفد کے ہمراہ تونگجی (Tongji) آرکیٹیکچر انجینئرنگ یونیورسٹی کا دورہ کیا یونیورسٹی کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت یہ یقین دہانی کرائی گئی کہ بلوچستان کے طلباء کو پی ایچ ڈی اور ماسٹر ڈگری اسکالرشپس کیلئے خصوصی توجہ ملے گی گورنر نے کہا کہ میرے سرکاری دورے کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ ہم پاکستان خاص کر بلوچستان کو جدید تعمیر و ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے ترقی یافتہ ممالک کی شراکت داری اور ٹیکنالوجیکل ترقی کی طاقت کو بروئے کار لانا ہے۔ چین کے بھرپور تعاون اور رہنمائی سے ہم اپنی اقتصادی ترقی کو تیز کر سکتے ہیں، اپنے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنیادیں فراہم کر سکتے ہیں۔

## ترقی اور خوشحالی کیلئے پائیدار امن اولین شرط ہے، قائم مقام گورنر

**حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے، عبدالخالق اچکزئی**

کوئٹہ (خ ن) قائم مقام گورنر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے کہا ہے کہ معاشی و معاشرتی ترقی و خوشحالی کیلئے پائیدار امن اولین شرط ہے حکومتی اقدامات سے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال تیزی سے بہتر ہو رہی ہے حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے انہوں نے بیان میں کہا کہ تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ملک اور صوبے میں دیرپا امن کے قیام میں گرانقدر خدمات اور قربانیاں دی ہیں افواج پاکستان ہر قسم کی دہشت گردی اور تخریب کاری کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے اس سلسلے میں عوام افواج پاکستان کے ساتھ ہیں اور رہیں گے پاکستان کے ایران کے ساتھ خوشگوار تعلقات ہیں وزیراعظم شہباز شریف کے حالیہ دورہ ایران کے بہت جلد مثبت نتائج برآمد ہوں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No.________ Page No.________

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
حب بلوچستان
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | بروز بدھ 28 مئی 2025ء بمطابق 30 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 146

# بلوچستان میں سرمایہ کاری کیلئے بزنس کمیونٹی کی تجاویز کا خیر مقدم کرینگے

میر سرفراز بگٹی

## صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سازگار ماحول فراہم کریگی، صوبے میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں

## حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور اسمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے، وزیراعلیٰ کی بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے عہدے داروں نے یہاں ملاقات کی گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی صوبائی وزراء اور پارلیمنٹیرینز سمیت بلوچستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدے داران بھی اس موقع پر موجود تھے اس موقع پر سانحہ خضدار کے شہداء کی روح کے ایصال ثواب کے لئے دعا بھی کی گئی وزیراعلیٰ نے بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے ان کے بلوچستان آمد پر انہیں خوش آمدید کہا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول بقیہ نمبر 8 صفحہ 7 پر

فراہم کرے گی اور بزنس کمیونٹی کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق ان کی بہترین تجاویز کا خیر مقدم بھی کرے گی انہوں نے کہا کہ صوبے میں اکنامک زونز کی ڈیولپمنٹ میں ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں صوبے میں کان کنی، شمسی توانائی اور آئل اینڈ گیس سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے تاکہ قانونی تجارت کو فروغ دیا جا سکے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ سرمایہ کار صوبے میں صنعتیں قائم کریں یہاں صنعتوں کے قیام سے صوبے میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لیے سکل ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد انہیں ہنر مند بنا کر انہیں روزگار کی فراہمی میں آسانی میسر کرنی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے بھرپور انداز سے کاوشیں جاری ہیں اور صوبائی حکومت کی روز اول سے یہ ترجیح رہی ہے کہ تمام سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے لیے مناسب اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کے صدر اور دیگر عہدے داران نے وزیراعلیٰ کی کاوشوں کو سراہا وزیراعلیٰ نے وائس چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلال خان کاکڑ کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے ان کے کاوشوں کی خصوصی طور پر تعریف کی

CamScanner

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.

Page No.

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — رجسٹرڈ نمبر ایل سی۔ 1 — چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | جمعرات 29 مئی 2025ء، یکم ذوالحجہ 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 147

# پاکستان کی ایٹمی صلاحیت خطے کا توازن برقرار رکھنے کی ضمانت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

## بلوچستان نے ہمیشہ پاک فوج مخالف پروپیگنڈے کو مسترد کیا، سرفراز بگٹی

### پاکستان کی بھارت کے خلاف تاریخی فتح پوری قوم اور امت مسلمہ کی فتح ہے

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ یوم تکبیر ملکی دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے والوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا ہے کہ پاکستان کی ایٹمی صلاحیت خطے میں طاقت کا توازن برقرار رکھنے کی ضمانت ہے، ایٹمی دھماکوں نے دشمن قوتوں کو واضح پیغام دیا۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہماری مسلح افواج اور ایٹمی سائنسدانوں نے تاریخ رقم کی، یوم تکبیر ہمیں ملک کی سلامتی کے لیے بے لوث خدمت کا درس دیتا ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ ہر پاکستانی دفاع وطن کے لیے ہر پل تیار ہے، پاکستان کی عوام کو پاک فوج پر فخر ہے، بلوچستان نے ہمیشہ پاک فوج مخالف پروپیگنڈے کو مسترد کیا۔ انہوں نے پیغام دیا کہ پاکستان کی بھارت کے خلاف تاریخی فتح پوری قوم اور امت مسلمہ کی فتح ہے، دشمن جان لے کہ وہ پاک سرزمین کو نقصان نہیں پہنچا سکتا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated 29 MAY 2025 Page No.______


## عوامی مفاد کی اسکیموں کیلئے فنڈز فوری جاری کیے جائیں گے، شعیب نوشیروانی

### 28 مئی تاریخ میں اہمیت کا حامل دن، پوری دنیا کو دکھایا پاکستان ایٹمی طاقت ہے، اجلاس سے خطاب، بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت ترقیاتی اسکیموں کے بجٹ کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، اسپیشل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ سمیت محکمہ خزانہ کے دیگر آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چھوٹی اور عوامی مفاد کی حامل ترقیاتی اسکیموں کے لیے مختص فنڈز فوری طور پر جاری کیے جائیں گے تاکہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل ممکن ہو اور عوام جلد ان کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے ہدایت کی کہ این ایف سی ایوارڈ کے تحت وفاق سے ملنے والے فنڈز، ٹیکس وصولیوں سے حاصل ہونے والے محاصل اور رائلٹی کو موثر اور شفاف انداز میں استعمال کیا جائے گا۔ اجلاس میں غیر ضروری اور غیر پیداواری اخراجات کو مکمل طور پر ختم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا تاکہ زیادہ سے زیادہ وسائل براہ راست عوامی فلاح و بہبود پر خرچ کیے جا سکیں۔ اس موقع پر وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت شفافیت، کفایت شعاری اور عوامی مفاد کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھتی ہے، اور ترقیاتی منصوبوں پر بروقت عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ علاوہ ازیں وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے یوم تکبیر کے موقع پر اپنے ایک بیان میں کہا کہ 28 مئی ہمارے ملک کی تاریخ میں نہایت ہی اہمیت کا حامل دن ہے اسی دن ہمارا ملک ایک ایٹمی مملکت بن گیا، صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ اس وقت کے ارباب اختیار حکام نے نازک وقت میں بہت اچھا فیصلہ کیا کہ جوہری تجربات کیے پوری دنیا کو دیکھایا کہ ہمارا ملک ایک ایٹمی طاقت ہے ہمارے ایٹمی طاقت بننے کا مطلب خطے میں پر امن فضا برقرار رکھنا ہے اور یہ ہمارے دفاع اور سیکورٹی کی ضامن ہوتی ہے۔ یوم تکبیر ہمیں اس سوچ اور عمل کی یاد دلاتا ہے جس کے نتیجے میں ملک نے اپنی سنجیدہ حکمت عملی میں ایک اہم قدم اٹھایا۔ قوم ان تمام افراد کی کاوشوں کو سراہتے ہیں جنہوں نے اس عمل میں کسی بھی حیثیت سے کردار ادا کیا ہے۔

## بھٹو نے دباؤ کے باوجود پاکستان کو جوہری طاقت بنایا، علی حسن زہری

### چاغی کے پہاڑ دنیا کیلئے پاکستان کی جرأت، عزم اور استقلال کا پیغام ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (پ ر) صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان/صوبائی وزیر صنعت میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ ایٹمی پروگرام کی بنیاد قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے رکھی اور عالمی دباؤ کے باوجود پروگرام جاری رکھا جس کی پاداش میں انہیں جان تک قربان کرنا پڑی مگر شہید بھٹو نے جان کی پرواہ کیے بغیر ملک کا دفاع مضبوط کیا جس کے بعد شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے مغرب کے دباؤ کے باوجود جوہری پروگرام جاری رکھا اور ایٹمی طاقت حاصل کی جس کے نتیجے میں 28 مئی 1998ء کے ایٹمی دھماکوں کے نتیجے میں پاکستان اسلامی دنیا کا پہلا ایٹمی ملک بنا صوبائی وزیر نے کہا کہ 28 مئی پاکستان کی تاریخ میں ایک سنہری باب کی حیثیت رکھتا ہے جب چاغی کے پہاڑوں میں کامیاب ایٹمی تجربات کر کے دنیا کو اپنے عزم و استقلال کا پیغام دیا ہمارا جوہری پروگرام پر امن اور ملک کی سلامتی کیلئے ہے پاکستان ایک خودمختار اور باوقار قوم ہے جو اپنے قومی مفادات، سلامتی اور خودداری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرتی یوم تکبیر اُن سائنسدانوں، افواج پاکستان، قیادت اور پوری قوم کے اتحاد و قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے جنہوں نے بے شمار چیلنجز اور عالمی دباؤ کے باوجود وطن عزیز کا دفاع ناقابل تسخیر بنانے میں اپنا کردار ادا کیا یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ قومی وقار کے لیے یکجہتی، قربانی، اور مستقل مزاجی ناگزیر ہیں۔ اس دن کی مناسبت سے ہم عہد کریں کہ وطن عزیز کی ترقی، سلامتی اور خودمختاری کیلئے ہم سب اپنی ذمہ داریاں خلوص نیت سے ادا کریں گے، اور ہر میدان میں پاکستان کو مضبوط، خودکفیل اور باوقار بنانے کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ پاکستان اور عوام کی بات ہے۔

## جاپان کو گلابی نمک کی برآمدات 3 ملین ڈالر تک پہنچ گئی ہیں، جام کمال

### پاکستانی ٹیکسٹائل دنیا بھر میں مقبول، اوساکا ایکسپو کے شرکاء کو 14 اگست کی تقریب میں شرکت کی دعوت

لسبیلہ (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اوساکا ایکسپو 2025 میں پریس کانفرنس میں کہا ہے کہ گلابی نمک پاکستان کا قیمتی قدرتی اثاثہ ہے، گلابی نمک خوراک، علاج اور صنعت میں استعمال ہونے والی اعلیٰ ترین قدرتی پراڈکٹ ہے، پریس کانفرنس میں 43 سے زائد ملکی و غیر ملکی میڈیا اداروں نے شرکت کی "یونیورس ان اے گرین آف سالٹ" کے عنوان سے پاکستان پویلین عالمی توجہ کا مرکز بنا رہا۔ جام کمال نے کہا کہ جاپان کو گلابی نمک کی برآمدات 3 ملین ڈالر تک پہنچ گئی ہیں، پاکستان کی ٹیکسٹائل، چمڑے، سرجیکل اور اسپورٹس مصنوعات دنیا بھر میں مقبول ہیں، پاکستان کے نوجوان آئی ٹی اور ٹیکنالوجی میں دنیا کا روشن مستقبل ہیں۔ وزیر تجارت نے جاپان، یو کے، امریکہ، چین، ترکی و سعودی عرب کے پویلینز کا دورہ بھی کیا، جام کمال نے ایکسپو کے شرکاء کو 14 اگست کو پاکستان نیشنل ڈے میں شرکت کی دعوت دی۔ پاکستان پویلین، پائیداری، ثقافت و قدرتی وسائل کا حسین امتزاج قرار دیا گیا، گلابی نمک کی عالمی مارکیٹ میں توسیع اور ویلیو ایڈیشن حکومتِ پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہے۔

## جوہری طاقت کا حصول قومی وقار کا اعلان تھا، نوابزادہ خالد مگسی

### قوم ان سائنس دانوں کی مقروض ہے جنہوں نے ناممکن کو ممکن بنایا، وفاقی وزیر

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) وفاقی وزیر نوابزادہ خالد حسین مگسی نے کہا ہے کہ ایٹمی طاقت بنا محض ہتھیار نہیں قومی وقار کا اعلان تھا جوہری طاقت کا حصول ایک دن کا کارنامہ نہیں برسوں کی جدوجہد ہے قوم اُن سائنسدانوں کی مقروض ہے جنہوں نے ناممکن کو ممکن بنایا یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ جب ارادہ ہو تو ہر چیلنج قابل تسخیر ہے ٹیکنالوجی اب ہتھیار نہیں ترقی، امن اور خوشحالی کی ضمانت ہے یوم تکبیر ہمارے قومی وقار، خودمختاری اور سالمیت کا ناقابل تسخیر اعلان ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 29 MAY 2025 Page No.


## یوم تکبیر پاکستان کی دفاعی صلاحیت کی اظہار کا دن ہے، نور محمد دمڑ

### آج کا دن ہمیں قومی اتحاد، حب الوطنی اور قربانی کا سبق دیتا ہے

زیارت (ل ن) کاروان حاجی نور محمد خان دمڑ اور ضلعی انتظامیہ کی طرف سے یوم تکبیر کے موقع پر صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ کی قیادت میں ایک بہت بڑی ریلی نکالی گئی ریلی میں ہزاروں افراد نے شرکت کی ریلی میں ڈپٹی کمشنر زیارت ذکا اللہ درانی، نوکل پریس منسٹر فواد حاجی راز محمد دمڑ، اسسٹنٹ کمشنر زیارت محمد افضل، ایپار خنسں ہیڈز، انتظامی ......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

عہدیداران، ڈپٹی چیئرمین حبیب اللہ پانیزئی اور دیگر نے شرکت کی ریلی کے شرکاء سے صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ خان دمڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کہ یوم تکبیر پاکستان کی عظمت، خودداری اور دفاعی صلاحیت کا دن ہے آج ہی کے دن پاکستان کا سبز ہلالی پرچم پوری آب وتاب سے چمک رہا ہے آج کا دن یوم تکبیر پر قوم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں آج ہی کے دن میاں نواز شریف نے عالمی دباؤ کے باوجود ایٹمی دھماکہ کر کے تاریخ رقم کی نواز شریف نے پاکستان کو ناقابل تسخیر اور 57 اسلامی ممالک کا فخر بنایا۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان قوم کے ہیرو اور ایٹمی پروگرام کے معمار ہیں۔ ڈاکٹر اے کیو خان اور دیگر ٹیم نے پاکستان کو دفاعی لحاظ سے ناقابل شکست بنایا یوم تکبیر ہمیں قومی اتحاد، حب الوطنی اور قربانی کا سبق دیتا ہمارے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کا وژن پاکستان کی سلامتی اور ترقی کی ضمانت ہے پاکستان ایک باوقار، مضبوط اور محفوظ ریاست بن چکا ہے ہمیں پاکستان کے دفاع اور ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے

## ایم ایچ ایچ سے متعلق مثبت اقدامات کی حمایت کریں گے، راحیلہ حمید درانی

### ہمیں اجتماعی طور پر ایسے پالیسی اقدامات کرنے ہوں گے جو حقیقی تبدیلی لا سکیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید درانی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان خواتین اور بچیوں کی صحت وصفائی سے متعلق ہر مثبت اقدام کی مکمل حمایت کرے گی۔ ہمیں اجتماعی طور پر مل کر ایسے پالیسی اقدامات کرنے ہوں گے جو حقیقی تبدیلی لا سکیں ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم ایچ ایم ورکنگ گروپ بلوچستان کی جانب سے عالمی مینسٹرول ہیلتھ اینڈ ہائجین ڈے 2025 کے موقع پر ایک خصوصی تقریب کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ یہ دن دنیا بھر میں خواتین ولڑکیوں کے لیے حیض سے متعلق صحت وصفائی کے مسائل اور ان کے حل کے لیے شعور عام کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم نے امید ظاہر کی کہ حالیہ تیار کردہ صوبائی ایم ایچ ایچ پالیسی اور اسٹریٹجی اس ضمن میں ایک مؤثر اور پائیدار روڈ میپ فراہم کریں گی اور خواتین اور لڑکیوں کی صحت وصفائی کے حوالے سے درپیش چیلنجز پر شعور بیدار کرنے کے لیے اہم کردار ادا کرے گی۔ مینسٹرول ہیلتھ اینڈ ہائجین مینجمنٹ ورکنگ گروپ (ایم ایچ ایم ڈبلیو جی) سیکرٹریٹ بلوچستان کے تحت اس تقریب کا انعقاد جی آئی زیڈ، یونیسف، یو این ایف پی اے، آئی آر سی، ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (ESP) اور ورکنگ گروپ کے دیگر رکن اداروں کے اشتراک سے کیا گیا۔

## 28 مئی نے پاکستان کو ناقابلِ تسخیر بنایا، محمد صادق عمرانی

### پیپلز پارٹی نے ایٹمی پروگرام میں اہم کردار ادا کیا، بلال عمرانی

### یوم تکبیر کا دن ہمیں متحد رہ کر چیلنجز کا سامنا کرنے کی ترغیب دیتا ہے، پیغام

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی وزیر ایریگیشن پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینٹرل کمیٹی کے ممبر میر محمد صادق عمرانی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل صدر و میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے کونسلر میر محمد بلال عمرانی نے اپنے علیحدہ علیحدہ پیغام میں کہا ہے کہ 28 مئی کا دن پاکستان کی تاریخ میں ایک ناقابل فراموش اور تاریخی دن ہے، جب ہمارے عظیم سائنسدانوں اور قومی قیادت کی محنت سے پاکستان دنیا کی پہلی اسلامی ایٹمی طاقت بن گیا۔ انہوں نے کہا کہ 28 مئی کا دن ہمیں اس وقت کی قیادت کی بصیرت، قومی یکجہتی اور خود انحصاری کی عملی مثال یاد دلاتا ہے۔ پاکستان نے ایٹمی دھماکے کر کے نہ صرف اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا، بلکہ پوری دنیا کو یہ پیغام دیا کہ ہم اپنی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔ صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی اور میر بلال عمرانی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ ملک کے دفاع کو مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت میں ایٹمی پروگرام کو تقویت ملی اور ان کے ویژن کے نتیجے میں ہی پاکستان ایک طاقتور ملک بن کر ابھرا۔ انہوں نے مزید کہا کہ 28 مئی کا دن ہمیں اس بات کا عہد کرنے کا موقع دیتا ہے کہ ہم ملک کی سالمیت، خودمختاری اور ترقی کے لیے متحد رہیں گے اور ہر قسم کے چیلنجز کا بہادری سے سامنا کریں گے۔ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ ملکی سلامتی اور عوامی فلاح کے لیے پرعزم رہی ہے اور رہے گی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 29 MAY 2025 Page No.________


## اراکین بلوچستان اسمبلی کا اجلاس، وزیراعلیٰ کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار

**کوئٹہ کی تعمیر و ترقی کیلئے مشترکہ حکمت عملی کے تحت کام کرینگے، علی مدد جتک کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلے**

**منتخب نمائندے اپنی توانائیاں ترقی یافتہ کوئٹہ کے لیے وقف کریں گے، ملک نعیم بازئی، زرک خان مندوخیل**

**تعلیم، صحت، کھیل، بجلی، گیس، پانی، اور صفائی کے اہم شعبوں پر بھرپور توجہ دی جائے گی، اراکین اسمبلی**

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ کے منتخب اراکین اسمبلی نے حاجی علی مدد جتک کی سربراہی میں ایک اہم اجلاس منعقد کیا، جس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس کا مقصد کوئٹہ شہر کی تعمیر و ترقی کے لیے..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنا اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو ترجیح دینا تھا۔ اجلاس میں شریک تمام اراکین نے سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر یہ عہد کیا کہ وہ کوئٹہ کی ترقی، صفائی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے مل کر کام کریں گے۔ اجلاس میں حاجی علی مدد جتک، آغا عمر احمد زئی، میر لیاقت علی لہڑی، ملک نعیم بازئی، زرک مندوخیل، میر عبید گورگیج، میر عبدالصمد گورگیج اور قبائلی رہنما میر ساجد دشتی سمیت دیگر معزز اراکین نے شرکت کی شرکاء نے اتفاق رائے سے فیصلہ کیا کہ تعلیم، صحت، کھیل، بجلی، گیس، پانی، اور صفائی جیسے اہم شعبوں میں کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ ان شعبوں میں فوری بہتری کے اقدامات کو ترجیح دی جائے گی تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

JANG QUETTA

## کوئٹہ کے 6 ارکان اسمبلی کا وزیراعلیٰ کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار

**علی مدد جتک کی سربراہی میں اجلاس، آغا عمر چیئرمین، زرک مندوخیل ڈپٹی منتخب**

کوئٹہ (پ ر) پیپلز پارٹی کے ایم پی اے حاجی علی مدد جتک کی سربراہی میں کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے ارکان صوبائی اسمبلی کا اجلاس ہوا جس میں آغا عمر احمد زئی، میر لیاقت علی لہڑی، ملک نعیم بازئی، زرک خان مندوخیل، میر عبید اللہ گورگیج، سردارزادہ عبدالصمد گورگیج اور قبائلی رہنما میر ساجد دشتی سمیت معززین نے شرکت کی۔ شرکاء نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا اجلاس کا مقصد کوئٹہ شہر کی تعمیر و ترقی کے لیے مشترکہ حکمت عملی مرتب کرنا اور عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کو ترجیح دینا تھا شرکاء نے سیاسی وابستگی سے بالاتر ہو کر عہد کیا کہ وہ کوئٹہ کی ترقی، صفائی اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے مل کر کام کریں گے اور تعلیم، صحت، کھیل، بجلی، گیس، پانی اور صفائی جیسے اہم شعبوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اجلاس میں باہمی مشاورت سے تنظیمی ڈھانچے کی تشکیل دی گئی جس کے مطابق بی اے پی کے آغا عمر احمد زئی چیئرمین، ن لیگ کے زرک خان مندوخیل ڈپٹی چیئرمین، پیپلز پارٹی کے حاجی علی مدد جتک سینئر نائب صدر اور اے این پی کے ملک نعیم بازئی ڈپٹی نائب صدر منتخب ہو گئے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 29 MAY 2025 Page No. ______


## 28 مئی کا دن پاکستانی تاریخ کا ایک سنہرا باب ہے، مشیر بلدیات

### اسی دن ملک نے ایٹمی قوت بن کر اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنا دیا، امیر حمزہ زہری

کوئٹہ (این این آئی) مشیر برائے بلدیات بلوچستان نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا ہے کہ 28 مئی 1998 کا دن پاکستانی تاریخ کا ایک سنہرا باب ہے جب ملک نے ایٹمی قوت بن کر اپنے دفاع کو ناقابل تسخیر بنا دیا۔ بدھ کو یوم تکبیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر ہمیں اس عزم و ہمت کی یاد دلاتا ہے جو پاکستان نے قومی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے دکھایا۔ یہ دن ہمیں اس قربانی اور استقلال کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے سائنسدانوں، افواج پاکستان، اور قومی قیادت نے ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لیے دی۔ نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ آج کے دن ہمیں تجدید عہد کرنا ہوگا کہ ہم ملکی استحکام، ترقی اور خودداری کے لیے اسی جذبے سے کام کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ ملکی یکجہتی، (بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 5 پر)

امن اور دفاع میں اہم کردار ادا کیا ہے اور آئندہ بھی اسی جذبے کے تحت قومی ترقی میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ انہوں نے نوجوان نسل کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ علم، ٹیکنالوجی اور حب الوطنی کے جذبے سے لیس ہو کر ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کریں اور پاکستان کو ایک مضبوط، خوشحال اور خوددار ریاست بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

## 28 مئی 1998 کا دن پاکستان کی تاریخ کا وہ سنہری باب ہے، ربابہ بلیدی

### اگر علم، عزم اور قومی اتحاد ہو تو دنیا کی کوئی طاقت ہمیں اپنے مقاصد کے حصول سے نہیں روک سکتی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے یوم تکبیر کے موقع پر قوم کے نام اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 28 مئی 1998 کا دن پاکستان کی تاریخ کا وہ سنہری باب ہے جب وطن عزیز نے کامیاب ایٹمی تجربات کر کے نہ صرف اپنی خودمختاری اور دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا بلکہ پوری امت مسلمہ کی پہلی ایٹمی طاقت بن کر اپنا وقار عالمی سطح پر منوایا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ یوم تکبیر ہر پاکستانی کے لیے یہ پیغام (بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 7 پر)

ہے کہ اگر علم، عزم اور قومی اتحاد ہو تو دنیا کی کوئی طاقت ہمیں اپنے مقاصد کے حصول سے نہیں روک سکتی۔ پاکستان کا ایٹمی پروگرام ہماری سائنسی، دفاعی اور قومی یکجہتی کی روشن علامت ہے جس پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج کے دن ہمیں اس عزم کی تجدید کرنی چاہیے کہ ہم ملکی استحکام، ترقی، قومی وحدت اور دفاع پاکستان کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے مادر وطن کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ وطن عزیز کو تا قیامت سلامت رکھے اور ہم سب کو اپنی صلاحیتیں ملکی ترقی، استحکام اور دفاع کے لیے بروئے کار لانے کی توفیق عطا فرمائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 29 MAY 2025 Page No.


## پاکستان کا دفاع ناقابلِ تسخیر، ہم زندہ قوم ہیں، فیصل جمالی

[illegible]

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اپنی جان قربان کر کے پاکستان کو پہلا ایٹمی ملک بنایا 28 مئی 1998 کا دن صرف ایک سائنسی یا عسکری کامیابی کا دن نہیں بلکہ یہ ہمارے قومی عزم، اتحاد، خودداری اور آزادی کی علامت ہے جب بھارت نے خطے میں ایٹمی توازن کو بگاڑنے کی کوشش کی تو ہم نے بھی ایک پرامن مگر مضبوط پیغام دیا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ایٹمی قوت ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان ان کی ٹیم، ہمارے سائنسدان اور قیادت سب نے ایک ناقابلِ فراموش قربانی دی جس کی بدولت آج ملک کا دفاع ناقابلِ تسخیر ہے، ہم ایک زندہ قوم ہیں اور اپنے دفاع کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتے ہیں۔۔ ہم نے کبھی جارحیت نہیں کی، مگر دفاع کے لیے ہم ہر قیمت چکانے کو تیار ہیں۔

## پاکستان کے ایٹمی دھماکوں سے توازن قائم ہوا، سردار کوہیار ڈومکی

28 مئی 1998 [illegible]

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت میر کوہیار خان ڈومکی نے یوم تکبیر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ یوم تکبیر ہماری قومی تاریخ کا وہ سنہرا دن ہے جب پاکستان عالم اسلام کی پہلی ایٹمی قوت کے طور پر ابھرا جس سے پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہوا اور جنوبی ایشیاء میں طاقت کا توازن قائم ہو گیا صوبائی وزیر نے کہا کہ 28 مئی 1998 کو بھارتی دھماکوں کے جواب میں پانچ ایٹمی دھماکے کر کے پاکستان نے دشمن کا غرور خاک میں ملایا یوم تکبیر ہمیں موقع دیتا ہے کہ اس دن ہم پاکستان کے دفاع اور سلامتی کے عہد کی تجدید کریں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 29 MAY 2025

Page No.

## محکمہ تعلیم ڈائریکٹر اسکولز کے اکاؤنٹس میں 6 ارب 40 کروڑ روپے کی بے قاعدگیوں کا انکشاف

### اضافی عملے کی تعیناتی، بغیر منظوری کتب کی چھپائی کیلئے ڈھائی ارب کی ادائیگی، گاڑیوں کیلئے پرتعیش سامان کی خریداری کی گئی، آڈٹ رپورٹ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ تعلیم کے ڈائریکٹر اسکولز کے اکاؤنٹس میں 2017-22 کے دوران چھ ارب چالیس کروڑ روپے کی بے قاعدگیاں سامنے آگئیں پانچ برسوں میں 90 لاکھ کتب طلباء میں تقسیم ہی نہیں کی گئیں بغیر منظوری کے کتابوں کی چھپائی کی مد میں دو ارب 59 کروڑ 61 لاکھ روپے کی ادائیگی کی گئی۔ ایک ارب 11 کروڑ 48 لاکھ روپے کا رکارڈ آڈٹ ٹیم کو مہیا ہی نہیں کیا گیا۔ بلوچستان اسمبلی میں پیش ہونے والی آڈیٹر جنرل پاکستان کی رپورٹ کے مطابق سال 2017-22 کے دوران 36 کروڑ 20 لاکھ روپے کا فنڈ استعمال ہی نہیں کیا گیا جبکہ 30 کروڑ 14 لاکھ روپے کی رقم بے قاعدہ طور پر رکھی گئی، 11 کروڑ 63 لاکھ روپے کی رقم کی ڈی ڈی اوز کے ذریعے بے قاعدہ طور پر ادائیگی کی گئی۔ ای ایم آئی ایس منصوبے میں سست روی سے 42 کروڑ 26 لاکھ استعمال نہیں ہوا۔ رپورٹ میں قواعد وضوابط اور ٹینڈر کے عمل کے بغیر خریداری سے ایک ارب 83 کروڑ کے نقصان کی نشاندہی کی گئی۔ سرکاری گاڑیوں کیلئے بغیر اوپن ٹینڈر کے ایک کروڑ 14 لاکھ روپے کی پرتعیش اشیا کی خریداری کی گئی۔ گھوسٹ اسکولز کے نام پر ایک کروڑ 17 لاکھ روپے بغیر ٹینڈر خریداری کی گئی بغیر تخمینہ اور ٹینڈر ٹرانسپورٹ حاصل کرکے 26 کروڑ خرچ کردیے گئے۔ آڈٹ رپورٹ میں درسی کتب کی چھپائی میں دو ارب 59 کروڑ 61 لاکھ روپے کی منظوری کے بغیر ادائیگی کی نشاندہی سامنے آئی ہے، ٹرانسپورٹ کی مرمت اور فیول کی مد میں دو کروڑ 33 لاکھ کی بے قاعدگیاں آڈٹ رپورٹ کا حصہ ہیں ڈائریکٹریٹ آف ایجوکیشن میں منظور شدہ اسامیوں سے 366 اضافی عملے کی تعیناتی کا بھی انکشاف ہوا ہے پانچ سالہ اسپیشل آڈٹ رپورٹ مزید تحقیقات کیلئے بلوچستان اسمبلی کی قائمہ کمیٹی کے سپرد کردی گئی۔

## سرکاری افسران کے جھگڑے کی بے بنیاد خبر وائرل کی گئی، ایس ایس پی آپریشن

### دو افراد کے درمیان غلط فہمی کا واقعہ تھا، بغیر تصدیق خبر چلانے والوں کیخلاف کارروائی کرینگے، محمد بلوچ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد بلوچ نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پر بغیر تصدیق کے پولیس اور محکمہ کے خلاف خبریں چلانے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، انہوں نے کہا ہے کہ جس طرح سوشل میڈیا پر سرکاری آفیسران کے درمیان جھگڑے کی بے بنیاد خبر کو وائرل کیا جارہا ہے حالانکہ وہ دو بندوں کے درمیان مس انڈر اسٹینڈنگ ہوئی ہے جس کو بلا جواز طور پر اپنے ذاتی مقاصد کیلئے سوشل میڈیا پر شیئر کرکے حقائق کو پس پشت ڈالنے کی ناکام کوشش کی جارہی ہے۔ پولیس کے حوالے سے سوشل میڈیا پر خبریں چلانے والے صارفین پہلے پولیس حکام سے تصدیق کریں اسکے بعد خبر چلائیں جو سوشل میڈیا صارفین فیک اور بے بنیاد خبروں کو پھیلا کر اداروں اور آفیسران کی تضحیک کررہے ہیں انہیں تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ جھوٹی اور بے بنیاد خبریں پھیلانے سے گریز کریں۔

## بلوچستان سے بھی دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

### دہشتگردی میں بھارت براہ راست ملوث، پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتا ہے، جنگ سے گفتگو

ٹوکیو (عرفان صدیقی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ حالیہ پاک بھارت جنگ میں پاکستان نے آپریشن بنیان مرصوص کے ذریعے بھارت کو شکست فاش دی ہے، جس کے بعد بلوچستان سے بھی دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا۔ انہوں نے جنگ سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں جاری دہشتگردی میں بھارت براہ راست ملوث ہے اور وہ اپنی پروکسیز کے ذریعے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنا چاہتا ہے۔ لیکن اب پاکستان کی مسلح افواج نے دشمن کو ہر محاذ پر شکست دی ہے۔ سیدال خان ناصر کا کہنا تھا کہ بھارت کو صرف میدان جنگ میں ہی نہیں، بلکہ خفیہ محاذوں پر بھی ناکامی کا سامنا ہے۔ آپریشن بنیان الرصوص نے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان اب جلد امن، ترقی اور خوشحالی کا گہوارہ بنے گا اور دہشتگردی کا مکمل خاتمہ کردیا جائے گا۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو دن کے وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا جس میں جمعیت علما اسلام کے رکن فضل قادر مندوخیل آر ایچ سی قمر دین کاریز کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا درجہ دینے، نیشنل پارٹی کے رکن رحمت صالح بلوچ صوبہ کے اسکولوں میں مادری زبانیں پڑھانے کیلئے نئی اسامیاں تخلیق اور مادری زبانوں کی درس وتدریس کا عمل جلد شروع کرنے، جماعت اسلامی کے ہدایت الرحمن بلوچ دینی مدارس کے طلباء کو سرکاری محکموں میں یکساں مواقع فراہم کرنے سے متعلق الگ الگ قراردادیں پیش کریں گے۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے رکن ہدایت الرحمن بلوچ زمینوں کی الاٹ منٹ اور جمعیت علما اسلام کے رکن زابد علی ریکی سبزل روڈ تا ائیرپورٹ روڈ کی براستہ کلی گل محمد توسیع پر کام نہ ہونے سے متعلق الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹسز پیش جبکہ وقفہ سوالات کے دوران محکمہ اطلاعات اور محکمہ ٹرانسپورٹ سے متعلق سوالات کے جوابات دیے جائیں گے۔

## کوئٹہ: سب انسپکٹر کو زدوکوب کرنے پر اسپیشل مجسٹریٹ کیخلاف مقدمہ درج

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سول لائن پولیس نے سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ کے سب انسپکٹر کو زدوکوب کرنے کے الزام پر اسپیشل مجسٹریٹ کیخلاف مقدمہ درج کرلیا۔ پولیس کے مطابق سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ سب انسپکٹر نظام الحق نے سول لائن تھانے میں رپورٹ درج کرائی ہے کہ میرے چھوٹے بھائی حبیب الحق کا سبزل روڈ میں ٹیوب ویل ہے جہاں منشی اقبال، سعید اور سیف اللہ کام کرتے ہیں۔ گزشتہ روز اسپیشل مجسٹریٹ احسام الدین نے انہیں افغان مہاجرین کی آڑ میں گرفتار کرکے اپنے ساتھ لے گئے جس پر میں اسپیشل مجسٹریٹ کے آفس گیا تو وہاں مجھے کافی انتظار کروایا گیا اس کے بعد ایک ملازم سعید باہر آیا تو اس نے بتایا کہ پانچ ہزار روپے لیکر چھوڑا گیا جس پر میں مجسٹریٹ کے پاس گیا تو انہیں بتایا تو وہ اور ان کے گین مین اور لیویز اہلکار مجھ پر حملہ آور ہوگئے اور لاتیں، مکے اور کلاشنکوف کے بٹ مارنا شروع ہوگئے جس سے میں شدید زخمی ہوگیا اس دوران مجسٹریٹ نے میرے جیب سے موبائل فون چالیس ہزار روپے نقدی اور دیگر سامان بھی نکال لیا۔ سول لائن پولیس نے مجسٹریٹ اور لیویز اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا اس سلسلے میں اسپیشل مجسٹریٹ احسام الدین سے کئی بار فون پر [illegible] کرنے کی کوشش کی تاہم انہوں نے فون نہیں اٹھایا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No

Dated: 29 MAY 2025 Page No.

# یوم تکبیر بلوچستان سمیت ملک بھر میں ریلیاں، تقاریب، ایٹمی سائنسدانوں اور پاک افواج کو خراج تحسین پیش

**بھارت کی جانب سے پانچ دھماکوں کے جواب میں بلوچستان کی سرزمین چاغی کے پہاڑوں میں 6 ایٹمی دھماکے کرکے دنیا کے نقشے پر پاکستان اسلامی ملک کے طور پر ایٹمی قوت بن کر ابھرا**

**شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اس ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی، مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نواز شریف نے عالمی دباؤ مسترد کر کے دھماکے کئے، ریلی سے صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ و دیگر کا خطاب**

**[illegible] قومی غیرت اور اجتماعی شعور [illegible] نوجوانوں کی ریلی، پاکستان زندہ باد [illegible]**

**ملک بھر میں یوم تکبیر کے طور پر پاکستانی خوشی کا جشن منا رہے ہیں، اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ ملک کا دفاع افواج پاکستان کے مضبوط ہاتھوں میں ہے، خالد حسین باٹھ، سردار خان**

**اسلام آباد، کراچی، لاہور، ملتان، پشاور، حیدرآباد، سکھر، بہاولپور سمیت چھوٹے بڑے شہروں میں ریلیاں اور تقاریب کا انعقاد، ملک کی ترقی اور قوم کی خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، خ ن) ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام یوم تکبیر کے موقع پر کوئٹہ کے مختلف علاقوں سے ریلیاں نکالی گئیں اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دفتر سے نکلنے والی مرکزی ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی سریاب چوک پہنچ کر مرکزی جلسے کی شکل اختیار کر گئی۔ ریلی کے شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے اور سبز...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ملک بھر میں یوم تکبیر بھرپور ملی جوش و جذبے سے منایا گیا، اور اسلام آباد، کراچی، لاہور سمیت چھوٹے بڑے شہروں میں ریلیاں اور تقاریب کا انعقاد کیا گیا جن میں پاکستان کو ایٹمی قوت بنانے پر سائنسدانوں اور پاک افواج کو خراج تحسین پیش کیا گیا یوم تکبیر پر اسلام آباد کے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹر...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ہلالی پرچموں کے ساتھ پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا رہے تھے، ریلی کی قیادت بخت محمد کاکڑ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد انور کاکڑ، سردار خان نیازی، شیخ شہزاد، ولی افغان سمیت دیگر کر رہے تھے۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ پاکستان کو ایٹمی قوت بنے ہوئے 27 سال کا عرصہ گزر گیا پیپلز پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اس ایٹمی پروگرام کی بنیاد رکھی جس کے بعد شہید محترمہ بے نظیر بھٹو نے میزائل پروگرام کا آغاز، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں محمد نواز شریف نے بیرونی اور عالمی دباؤ اور دیگر پیشکشوں کو مسترد کرتے ہوئے 28 مئی 1998ء کو بلوچستان کی سرزمین چاغی کے پہاڑوں بھارت کی جانب سے پانچ دھماکوں کے جواب میں 6 ایٹمی دھماکے کرکے دنیا کے نقشے پر پاکستان اسلامی ملک کے طور پر ایٹمی قوت بنکر ابھرا آج ہمیں 27 سال کا عرصہ ایٹمی قوت بنے ہوئے گزر چکا ہے اس دوران ازلی دشمن بھارت جوکہ روز اول سے ہی پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے لئے اپنی ناکام کوششیں اور اپنے کاسہ لیسوں اور سہولت کاروں کے ذریعے دہشت گردی کو پروان چڑھاتا رہا لیکن افواج پاکستان، سیکورٹی فورسز اور حکومت سمیت عوام نے ہمیشہ دہشت گردی پھیلانے والوں کے عزائم کو مسترد کرتے ہوئے ناکام بنایا ہے اور ناکام بناتے رہیں گے پاکستان کلمہ طیبہ کے نام پر معرض وجود میں آیا ہے اور تاقیامت دنیا کے نقشے پر قائم ودائم رہے گا اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ پاکستان کا دفاع افواج پاکستان کی شکل میں مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ ریلی کے شرکاء نعرہ بازی کرتے ہوئے پرامن طور پر منتشر ہوگئے۔ یوم تکبیر کے تاریخی موقع پر محکمہ امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام ایک باوقار اور پرامن واک کا انعقاد کیا گیا۔ اس واک کی قیادت صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے کی، جس میں نوجوانوں، طلبہ و طالبات، اساتذہ، سماجی کارکنوں اور شہریوں کی بڑی تعداد نے جوش و خروش سے شرکت کی۔ واک کا مقصد نوجوان نسل کو 28 مئی 1998 کی اہمیت سے روشناس کرانا اور قومی دفاع، خود مختاری، اتحاد اور ایٹمی صلاحیت کے تاریخی دن کی یاد تازہ کرنا تھا۔ اس موقع پر محترمہ مینا مجید بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ یوم تکبیر صرف ایک دفاعی کامیابی کا دن نہیں بلکہ یہ ہماری خودداری، قومی غیرت اور اجتماعی شعور کا عکاس ہے۔ انہوں نے اس دن کی تاریخی پس منظر بیان کرتے ہوئے کہا کہ 28 مئی 1998 کو پاکستان نے بلوچستان کے ضلع چاغی میں راسکوہ کے دامن میں کامیاب ایٹمی تجربات کیے۔ یہ تجربات بھارت کے پانچ ایٹمی دھماکوں (11 اور 13 مئی 1998) کے ردعمل کے طور پر کیے گئے جبکہ پاکستان دنیا کی ساتویں ایٹمی طاقت اور پہلی اسلامی ایٹمی طاقت بن گیا۔ یوم تکبیر پاکستان کی خود مختاری، سالمیت اور دفاع کا دن ہے۔ یہ دن اس پیغام کا علمبردار ہے کہ ہم نہ صرف امن چاہتے ہیں بلکہ اپنی حفاظت کے لیے ہر حد تک جا سکتے ہیں۔ یہ دن ہمیں ان سائنسدانوں، انجینئرز، مسلح افواج اور قیادت کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے پاکستان کو ناقابل تسخیر بنایا۔ کسان اتحاد بلوچستان کے چیئرمین خالد حسین باٹھ کی قیادت میں یوم تکبیر کے موقع پر بی اے مال گورا قبرستان کے قریب سے ریلی نکالی گئی جو ایئرپورٹ روڈ بلیلی سے واپس گورا قبرستان کے قریب اختتام پذیر ہوگئی ریلی کے شرکاء ریلی، بینرز اور پلے کارڈ اور سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے اس قومی جذبے سے بھرپور ریلی کی قیادت نیو پاکستان کے مرکزی وائس چیئرمین (سنٹرل پاکستان) حاجی سردار خان نیازی اور بلوچستان کے چیئرمین ملک یحییٰ بشیر کاکڑ نے مشترکہ طور پر کی۔ ریلی میں تنظیم کے خصوصی عہدیداران محمد ظفر بلوچ، محمد ولی نیازی اور یاسر خان ہوتکی نے نہایت اہم اور فعال کردار ادا کیا۔ اس کے علاوہ نیو پاکستان زندہ باد موومنٹ کے دیگر مرکزی و ضلعی ممبران نے بھی بھرپور شرکت کی اور قومی یکجہتی، خود مختاری اور حب الوطنی کا عملی مظاہرہ کیا۔ یوم تکبیر ہماری قومی تاریخ کا وہ روشن دن ہے جب پاکستان نے دنیا کو یہ پیغام دیا کہ ہم ایک خودمختار اور ناقابل تسخیر قوم ہیں۔ نیو پاکستان زندہ باد موومنٹ اس دن کے موقع پر اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ ہم ایک باوقار، مضبوط اور خوددار پاکستان کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

میں خصوصی تقریب ہوئی جس میں آئی جی اسلام آباد بھی شریک ہوئے، تقریب میں یوم تکبیر کا کیک بھی کاٹا گیا، دریں وفاقی دارالحکومت ہی میں یونائیٹڈ ٹرانسپورٹ سروسز نے ریلی نکالی اور پاک افواج کو خراج تحسین پیش کیا۔ کراچی میں یوم تکبیر کے حوالے سے بلدیہ عظمیٰ کراچی نے ریلی نکالی جس میں میئر و ڈپٹی میئر سمیت کے ایم سی ملازمین کی بڑی تعداد شریک ہوئی، کراچی میں کے ایم سی ریسکیو ٹیم اور لائف گارڈ کی جانب سے بھی تقریب اور ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ لاہور میں جنرل اسپتال کے ڈاکٹروں نے یوم تکبیر ریلی نکالی اور پاک فوج کے حق میں نعرے لگائے، ریلی کے آغاز سے قبل کیک بھی کاٹا گیا۔ سکھر میں واکنگ ٹریک پر یوم تکبیر کی مرکزی تقریب ہوئی جس میں پرچم کشائی کی گئی، اس موقع پر پاک فوج زندہ باد، پاکستان زندہ باد کیلئے فلک شگاف نعرے لگائے گئے، تقریب میں بچوں نے ٹیبلوز پیش کیے۔ جامشورو میں ڈپٹی کمشنر آفس سے ریلی نکالی گئی، شرکاء نے پاک فوج کے حق میں نعرے بلند کیے۔ ساہیوال میں یوم تکبیر سے یوم تشکر تک کے عنوان سے خصوصی تقریب ہوئی، پاک فوج کی وردیاں اور سبز و سفید لباس پہنے طلبہ نے ملی نغمے پیش کیے۔ بہاولنگر میں یوم تکبیر پر جلوس نکالا گیا، جلوس کے شرکا نے قومی پرچم اور بینرز اٹھا کر پاکستان زندہ باد اور پاک فوج زندہ باد کے نعرے لگائے۔ جھنگ میں یوم تکبیر پر تقریب کا انعقاد کرکے پاک افواج کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ مری میں بھی یوم تکبیر نہایت جوش و خروش سے منایا گیا، مال روڈ پر تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں ملکی سلامتی و استحکام کا عزم کیا گیا۔

## یوم تکبیر عزم کی تجدید کا دن بھی ہے، سینیٹر ثمینہ زہری

کوئٹہ (آن لائن) سینیٹر ثمینہ زہری نے کہا ہے کہ یوم تکبیر کا جشن منانا ہماری قومی ذمہ داری ہے، یہ دن ہمیں اپنی عظمت، قربانیوں اور عزم کی یاد دلاتا ہے یہ دن ہمیں یقین دلاتا ہے کہ پاکستان ایک مضبوط اور خودمختار ملک ہے جو اپنے دشمنوں کے سامنے کبھی نہیں جھک سکتا۔

CamScanner

## ملک میں آئین کی پامالی، پارلیمنٹ کی بے توقیری جاری ہے، پشتونخوا میپ

**[illegible] ات کیے جا رہے ہیں، رحیم زیارتوال، 10 جون کو زیارت میں جلسے کے انعقاد کا فیصلہ**

زیارت (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام عید کے چوتھے دن 10 جون کو ضلع زیارت میں جلسہ عام منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس سے تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین اور رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی اور دیگر مرکزی قائدین خطاب کریں گے۔ اس سلسلے میں پارٹی ضلع زیارت کا اجلاس پارٹی کے ضلعی سیکرٹری سردار [illegible] خان کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری سابق صوبائی وزیر عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری مالیات سید آغا لیاقت علی، صوبائی سینئر نائب صدر [illegible] ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری شریف آغا، صوبائی سیکرٹری سردار حبیب الرحمن دمڑ، سردار شفیق خان ترین، اقبال خان بے زئی، حفیظ اللہ ترین اور دوست محمد لونی نے شرکت کی۔ اجلاس میں جلسے کی کامیابی کے لیے مختلف کمیٹیاں بنائی گئیں اور عہدیداروں پر زور دیا گیا کہ دن رات ایک کرکے جلسہ عام کی کامیابی کے لیے کام کریں۔ اجلاس سے پارٹی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جلسہ عام کے انعقاد ایسے حالات میں ہو رہا ہے کہ ملک پر 8 فروری کے زر اور ریاستی زور کی بنیاد پر لیرا گئی غیر جمہوری نمائندوں کو نیلامی کی اسمبلی میں پہنچا کر انہیں حکمرانی دی گئی اور عوام پر مسلط کیا گیا۔ جو نہ صرف حکومتی امور چلانے سے عاری ہیں بلکہ ان کی نااہلی، ناکام پالیسیوں نے ملک کو اندرونی اور بیرونی طور پر مشکلات سے دوچار اور کھوکھلا کر دیا ہے۔ آج ملک میں آئین کی پامالی، پارلیمنٹ کی بے توقیری جاری ہے، جمہوریت کے نام لیرا گئی، غیر جمہوری، غیر قانونی اقدامات کا تسلسل جاری ہے۔ جس کی روک تھام کے لیے سیاسی جمہوری پارٹیوں اور جمہوری قوتوں نے اپنا مثبت وتعمیری کردار ادا کرنا ہوگا۔

## ہماری قیادت کو سازش کے تحت پارلیمنٹ سے دور رکھا جا رہا ہے، مولانا واسع

**عوام کے حق کی حفاظت اور اسلامی اقدار کی بحالی کے لیے جدوجہد جاری ہے، بیان**

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی امیر جمعیت علمائے اسلام بلوچستان، سینیٹر مولانا عبدالواسع نے بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علمائے اسلام کے ساتھ ناانصافی اور ناروا سلوک مسلسل جاری ہے ہماری ذمہ دار قیادت کو جان بوجھ کر پارلیمنٹ اور اقتدار کے مرکزی حلقوں سے دور رکھا جا رہا ہے۔ تاکہ عوام کی حقیقی آواز کو دبایا جا سکے اور ان کے جائز حقوق کی جدوجہد کو ناکام بنایا جا سکے۔ مگر عوام کی طاقت اور عزم کسی بھی سازشی منصوبہ ساز کے لیے ناقابل برداشت ہے اور وہ کسی بھی صورت عوام کے حق میں فیصلہ سازی کو برداشت نہیں کر سکتے۔ اس وقت ہم ایک نہایت اہم دور سے گزر رہے ہیں جہاں عوام کے حقوق کی حفاظت، اسلامی اقدار کی بحالی اور ان اقدار کے خلاف ہونے والی سازشوں کو بے نقاب کرنے کے لیے مسلسل مزاحمت جاری ہے، اور اس مزاحمت کی قیمت ہمیں برداشت کرنی پڑ رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ جمعیت علمائے اسلام کو اقتدار اور پارلیمنٹ سے باہر رکھ کر غیر منصفانہ اور من پسند فیصلے کیے جا رہے ہیں، مگر ہم ہر حال میں عوام کے جذبات اور ردعمل کو سامنے رکھتے ہوئے میدان عمل میں بھرپور انداز میں قدم رکھیں گے۔ عوام کی طاقت کے سامنے کوئی بھی سازش یا منصوبہ کامیاب نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری تاریخ گواہ ہے کہ جمعیت علماء اسلام کی منتخب حکومت کو بھی اسی وجہ سے ختم کیا گیا تھا کہ ہم عوامی وسائل کو عوام کی ملکیت سمجھتے تھے اور عوام کے حقوق کا سختی سے دفاع کرتے تھے۔



## کوئٹہ میں جلسے کی اجازت نہ ملی، پی ٹی آئی بلوچستان کا عدالت جانے کا اعلان

**یوم تکبیر منانے کیلئے ڈی سی آفس کوئٹہ میں 16 مئی کو درخواست دی تھی جسے مسترد کرتے ہوئے ہمیں اس دن جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دی گئی**

**ہمارا مقصد تھا کہ گراؤنڈ کے اندر جلسہ کرینگے تاکہ ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو، ایک ریاست میں دو قانون چل رہے ہیں، سردار حبیب کاکڑ کی پریس کانفرنس**

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سردار حبیب کاکڑ نے کہا ہے کہ انتظامیہ نے 28 مئی کے حوالے سے پارٹی کو جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دی اس کے خلاف ہم عدالت سے رجوع کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ لعل وہوار سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف نے ضلع کوئٹہ کی جانب سے 28 مئی یوم تکبیر منانے کے لئے ڈپٹی کمشنر آفس کوئٹہ میں 16 مئی کو درخواست دی تھی جس کو مسترد کرتے ہوئے ہمیں جلسہ کرنے کی اجازت نہیں دی گئی حالانکہ مذکورہ درخواست اسی روز ڈی آئی جی


بقیہ نمبر 55 صفحہ 5 پر


آفس کو ارسال کی گئی تھی متعدد بار دفتر کے چکر لگانے کے باوجود ہمیں اجازت نہیں دی گئی ایک طرف حکومت سیاسی پارٹیوں کو ریلوے ہاکی گراؤنڈ میں جلسہ کرنے کی اجازت دیتے ہوئے سیکورٹی بھی دے رہی ہے جبکہ ہمیں جلسے کی بھی اجازت نہیں دی گئی ہمارا منصوبہ تھا کہ گراؤنڈ کے اندر بھی جلسہ کریں گے تاکہ ٹریفک متاثر نہ ہو اس ناروا اقدام کے خلاف ہم عدالت عالیہ میں رٹ پٹیشن دائر کریں گے تاکہ انصاف کے تقاضے پورے ہو سکے انہوں نے کہا کہ ریاست کی جانب سے ایک سیاسی جماعت کو بار بار جلسے اور احتجاج سے روکنے کی کوشش کی جا رہی ہے ایک ریاست میں دو قانون چل رہے ہیں جس سے سیاسی استحکام نہیں آئے گا۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No

Dated: 29 MAY 2025 Page No.

## یوم تکبر کی مناسبت سے کسان اتحاد کی پاک فوج کی حمایت میں ریلی

### 28 مئی کا دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ خود مختاری و سلامتی کیلئے ہمیشہ چوکنا رہنا چاہیے، خالد حسن

کوئٹہ (این این آئی) کسان اتحاد پاکستان کے زیر اہتمام بدھ کو یوم تکبیر کے موقع پر ایئر پورٹ چوک سے کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ کی قیادت میں ایک ریلی نکالی گئی ریلی کے شرکاء نے پاکستانی پرچم اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر پاکستان کے حق میں نعرے درج تھے۔ ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی عسکری پارک پوسٹ پہنچی جہاں ریلی کے شرکاء سے کسان اتحاد کے چیئرمین خالد حسین باٹھ اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوم تکبیر پاکستان کی تاریخ کا وہ دن ہے جسے کوئی پاکستانی بھول نہیں سکتا 28 مئی 1998 کو پاکستان نے چاغی کے مقام پر کامیاب ایٹمی تجربات کیے اور دنیا کی ساتویں اور مسلم دنیا کی پہلی ایٹمی طاقت بن گیا یہ دن پاکستان کی بقا، خود مختاری اور قومی عزت و وقار کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم تکبیر کا پس منظر بہت اہم ہے بھارت کے ایٹمی تجربات کے بعد پاکستان کے لیے اپنی سلامتی کو یقینی بنانے کا چیلنج بڑھ گیا تھا بھارتی ایٹمی تجربات نے جنوبی ایشیا میں طاقت کا توازن بگاڑ دیا تھا اور پاکستان کے لیے ایک واضح پیغام تھا کہ اسے اپنے دفاع کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے ایسے میں پاکستان نے عالمی دباؤ اور پابندیوں کے خطرے کے باوجود اپنی خود مختاری اور قومی سلامتی کو مقدم رکھا اور ایٹمی تجربات کرنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ان ایٹمی تجربات نے نہ صرف قومی سلامتی کو یقینی بنایا بلکہ دشمنوں کے ناپاک عزائم کو بھی ناکام بنایا یوم تکبیر نے پاکستانی قوم کو یہ پیغام دیا کہ جب قوم متحد ہو کر اپنے حقوق اور سلامتی کے لیے کھڑی ہوتی ہے تو کوئی بھی اسے جھکا نہیں سکتا

## یوم تکبر کے موقع پر ایف سی نارتھ کے زیر اہتمام تقریبات اور ریلیاں

### ژوب میں انٹر اسکولز تقریری مقابلے، لورالائی میں قومی ترانے اور ٹیبلوز پیش، عمائدین کی ریلیاں

کوئٹہ (پ ر) یوم تکبیر کے موقع پر بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ایف سی بلوچستان (نارتھ) اور مقامی افراد کے زیر اہتمام مختلف تقریبات اور ریلیوں کا انعقاد کیا گیا یہ تقریبات ژوب، لورالائی، مسلم باغ، کوہلو، کوئٹہ، چمن، سبی اور سوئی میں منعقد کی گئیں۔ کوئٹہ، سوئی، کوہلو اور لورالائی میں مقامی عمائدین اور نوجوانوں کی جانب سے ریلیاں نکالی گئیں۔ ریلی شرکاء نے قومی جھنڈے اٹھار کھے تھے اور شرکاء کی جانب سے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے گئے۔ مسلم باغ میں اسکول کے طلباء نے ایف سی ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا اور ایک دن ایف سی کے ساتھ گزارا۔ طلباء کو ایف سی کی جانب سے مختلف سرگرمیاں اور اسٹالز کا دورہ کرایا گیا۔ ژوب میں ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے زیر انتظام انٹر اسکولز یوم تکبیر تقریری مقابلے کا انعقاد کیا گیا جس میں آٹھ مقامی اسکولز کے طلباء و طالبات نے حصہ لیا۔ لورالائی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں طلباء و طالبات کی جانب سے یوم تکبیر کے حوالے سے تقاریر، قومی ترانے اور ٹیبلوز پیش کیے گئے۔ یوم تکبیر کے موقع پر بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ایف سی بلوچستان (نارتھ) اور مقامی افراد کے زیر اہتمام مختلف تقریبات اور ریلیوں کا انعقاد کیا گیا یہ تقریبات ژوب، لورالائی، مسلم باغ، کوہلو، کوئٹہ، چمن، سبی اور سوئی میں منعقد کی گئیں۔ کوئٹہ، سوئی، کوہلو اور لورالائی میں مقامی عمائدین اور نوجوانوں کی جانب سے ریلیاں نکالی گئیں۔ ریلی شرکاء نے قومی جھنڈے اٹھار کھے تھے اور شرکاء کی جانب سے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے گئے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullot No.

Dated: 29 MAY 2025 Page No.

## موسیٰ خیل فورسز کا آپریشن، مسافروں کی شہادت میں ملوث 4 دہشتگرد ہلاک

**راڑہ شم میں ہائی وے پر بم نصب کرنے کی کوشش کر رہے تھے بھاری مقدار میں اسلحہ اور بم برآمد، فائرنگ کا تبادلہ آدھے گھنٹے تک جاری رہا، سیکورٹی ذرائع**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکورٹی فورسز نے موسیٰ خیل راڑہ شم میں دہشت گردی کا ایک بڑا منصوبہ ناکام بنادیا فائرنگ کے تبادلے میں نو ماہ قبل راڑہ شم اور رڑکن میں پنجاب جانے والے مسافروں کو شہید کرنے اور لوشم چیک پوسٹ پر حملے میں ملوث کالعدم تنظیم کے چار دہشت گرد ہلاک ہوگئے، دہشت گرد ہائی وے پر بم نصب کرنے کی کوشش کر رہے تھے بھاری مقدار میں اسلحہ اور بم قبضے میں لے لئے گئے، فائرنگ کا تبادلہ آدھے گھنٹے تک جاری رہا، سیکورٹی ذرائع کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ کالعدم تنظیم بی ایل اے کے دہشت گردوں نے ایک بار پھر موسیٰ خیل کے علاقے راڑہ شم میں دہشت گردی کے ارادے سے راڑہ شم کی قومی شاہراہ کے قریب موجود ہیں جس پر سیکورٹی فورسز نے گزشتہ روز ہائی وے کی نگرانی شروع کی اس دوران چار دہشت گرد ہائی وے پر بم نصب کر رہے تھے سیکورٹی فورسز کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کردی سیکورٹی فورسز نے بھی جوابی کارروائی کی فائرنگ کا تبادلہ آدھے گھنٹے تک جاری رہا مقابلے میں چار دہشت گرد مارے گئے دہشت گردوں کا اسلحہ اور بم قبضے میں کر لاشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں ذرائع نے بتایا کہ مارے جانے والے دہشت گردوزی اکبر، سلیم اور بخت محمد 26 اگست 2024 کو پنجاب جانے والے مسافروں کو شہید کرنے اور لوشم چیک پوسٹ پر حملے میں ملوث تھے جبکہ سلیم رڑکن والے حملے میں ملوث تھا سیکورٹی فورسز نے علاقے کو مکمل گھیرے میں لے پہاڑی علاقے میں سرچ آپریشن بھی شروع کردیا ہے۔

## کوئٹہ، موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کا سرغنہ ساتھی سمیت زخمی حالت میں گرفتار

**موٹر سائیکل، موبائل اور نقدی چھیننے پر شہری نے پولیس کو اطلاع دی، متعدد وارداتوں کا انکشاف**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیس نے مشرقی بائی پاس پر فائرنگ کے تبادلے میں موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے سرغنہ سمیت دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے چھینی گئی موٹر سائیکل، موبائل فون، نقدی اور اسلحہ قبضے میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق مشرقی بائی پاس کے علاقے صدام پھاٹک کا رہائشی رحیم بخش گزشتہ شب موٹر سائیکل پر گھر جارہا تھا کہ دو مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر اس سے موٹر سائیکل موبائل فون اور نقدی چھین لی اور فرار ہوگئے۔ شہری نے فوری طور پر پولیس کو آگاہ کیا جس پر ڈی ایس پی شالکوٹ سرکل اطہر رشید، ایس ایچ او منظور شہید نے دیگر عملے کے ہمراہ مشرقی بائی پاس پر ناکہ بندی کر کے چیکنگ شروع کی اسی دوران ایک موٹر سائیکل کو رکنے کا اشارہ کیا تاہم موٹر سائیکل سوار پولیس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے لگے تاہم پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے شہری سے چھینی گئی موٹر سائیکل، موبائل فون، نقدی اور دو پستول قبضے میں لے لی پولیس نے بتایا کہ گرفتار ہونے والا ملزم ماشاء اللہ موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کا سرغنہ ہے جبکہ دوسرا ملزم آصف محمد ہے ابتدائی تفتیش میں ملزمان نے سریاب روڈ اور مشرقی بائی پاس کے مختلف علاقوں سے درجنوں موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور نقدی چھیننے کا اعتراف کیا ہے۔

## رشوت اور بدعنوانی پر 18 اضلاع کے 62 لیویز اہلکار معطل

**رسالدار، نائب رسالدار، دفعدار، حوالدار، سپاہی اور ڈرائیور شامل، انکوائری آفیسر مقرر**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس نے بدعنوانی اور چیک پوسٹوں پر بھتہ وصولی میں ملوث 18 اضلاع کے 62 اہلکاروں کو فوری طور پر معطل کردیا لیویز ذرائع کے مطابق ڈی جی لیویز عبدالغفار مگسی کو شکایات موصول ہوئی تھیں کہ قلعہ عبداللہ، پشین، چمن، کچھی، خضدار، موسیٰ خیل، بارکھان، شیرانی، لورالائی، ژوب، سبی، واشک، چاغی، جھل مگسی، مستونگ، سوراب، حب اور نوشکی میں لیویز اہلکار بدعنوانی اور چیک پوسٹوں پر بھتہ وصولی میں ملوث ہیں جس پر ڈی جی لیویز نے 18 اضلاع کے رسالدار، نائب رسالدار، دفعدار، حوالدار، سمیت 62 اہلکاروں کو فوری طور پر معطل کرتے ہوئے، ڈائریکٹر (ایڈمن/فنانس) ڈاکٹر میر وائس خان کو انکوائری افسر مقرر کیا ہے جو 15 روز میں اپنی رپورٹ پیش کریں گے ڈی جی لیویز نے کہا ہے کہ بدعنوانی اور غفلت کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی اور ایسے عناصر کی فورس میں کوئی جگہ نہیں۔

## قلات: جوڈیشل لاک اپ سے خطرناک قیدی فرار

قلات (آن لائن) جوڈیشل لاک اپ سے ایک خطرناک قیدی فرار ہوگیا، ذرائع کے مطابق ملزم کریم داد ولد سائیں داد پولیس کو چکما دے کر فرار ہوگیا، جس کا تعلق سوراب سے بتایا جارہا ہے یاد رہے کہ گزشتہ سال قبل بھی قلات جیل سے 4 خطرناک قیدی فرار ہوگئے تھے مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## نصیر آباد، متاثرین سیلاب کیلئے کروڑوں مالیت سولر پنکھے ودیگر سامان غائب

**سیلاب متاثرین وفاقی ادارے کی جانب سے ملنے والی اشیاء سے تاحال محروم، متاثرین کا تحقیقات کا مطالبہ**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) وفاقی حکومت انرجی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے نصیر آباد کے ہزاروں سیلاب زدگان کیلئے آنے والی کروڑوں روپے کے سولر پلیٹ پنکھے بیٹریاں یو پی ایس غائب ہوگئے جبکہ سیلاب زدگان دیہی علاقوں میں 18 گھنٹوں سے زائد بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنے پر مجبور ہیں تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے 2022 کے سیلاب زدگان کیلئے بین الاقوامی امداد کے تحت وفاقی ادارے انرجی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے ڈپٹی کمشنر کے ذریعے سیلاب زدگان کی لسٹیں طلب

بقیہ نمبر 66 صفحہ 5 پر

کی تھیں کہ سیلاب زدگان کو سولر پلیٹ پنکھے بیٹریاں یو پی ایس فراہم کی جائیں مگر مصدقہ ذرائع کے مطابق وفاقی ادارے انرجی ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے نصیر آباد کے علاقے میں سولر پلیٹ پنکھوں بیٹریوں یو پی ایس سے بھر کنٹینرز موصول کیا گیا راتوں رات مذکورہ اشیاء منتخب عوامی نمائندوں کے نمائندوں کو راتوں رات حوالے کردیے گئے ہیں مگر سیلاب متاثرین بین الاقوامی ادارے وفاقی ادارے انرجی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد سے ملنے والی شمسی اشیاء سے محروم ہیں جبکہ رکن صوبائی اسمبلی پارلیمانی سیکرٹری عبدالمجید بادینی نے اپنے حلقہ انتخاب کے سیلاب زدگان میں سولر پلیٹ پنکھے بیٹریاں یو پی ایس تقسیم کرنا شروع کردیے ہیں نصیر آباد کے سیلاب متاثرین نے وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکریٹری بلوچستان کمشنر نصیر آباد اور تحقیقاتی اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ کروڑوں روپے غائب شمسی سامان کی کھوج لگا کر سیلاب متاثرین کے حوالے کیئے جائیں جو دیہی علاقوں میں بغیر بجلی کے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔

## ژوب، توریان کے قریب نوجوان عبدالوہاب نامی شخص کی لاش ملی

ژوب (آن لائن) توریان کے قریب نوجوان عبدالوہاب نامی شخص کی لاش برآمد پولیس نے لاش سول ہسپتال پہنچائی پولیس کے مطابق ان پر فائرنگ کی گئی میلاش پر گولی کا نشان ہے موقع سے گولیوں کے دو خول بھی برآمد ہوئے ہیں مقتول کے جیب میں شناختی کارڈ بھی تھا پولیس مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No.

Dated: 29 MAY 2025 Page No.

## بلوچستان بھر میں پولیو کی مہم کا آغاز!

بلوچستان بھر میں پولیو کی سات روزہ مہم کا آغاز کردیا گیا۔تمام اضلاع میں ڈی سی صاحبان نے اوراس طرح صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے سرہ غڑگی میں بچوں کو پولیو کے قطرے پلاکر باقاعدہ پولیومہم کا آغاز کردیا۔پولیومہم کے دوران 26لاکھ 60ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔انسداد پولیومہم کے دوران بچوں کو وٹامن اے کے قطرے بھی پلائے جائیں گے۔ایمرجنسی سینٹر بلوچستان کے کوارڈی نیٹر انعام الحق نے کہا ہے کہ انسداد پولیومہم کی بلوچستان بھر میں تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔انہوں نے کہا ہے کہ ماحولیات میں پولیو وائرس کی موجودگی کی وجہ سے والدین کوخبردار کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان بھر میں پولیو کی سات روزہ مہم کا آغاز ہونا قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ بدقسمتی سے ہمارے ہاں اب بھی پولیو کے کیس رپورٹ ہورہے ہیں حالانکہ پوری دنیا میں اس کا خاتمہ ہوگیا ہے لیکن پاکستان میں اب بھی کیسز آرہے ہیں ان میں اکثر کیسز افغانستان سے آتے ہیں۔بلوچستان میں پولیومہم جب بھی شروع ہوتی ہے اس میں متعلقہ ادارے اور کارکن بڑی محنت سے اپنے فرائض سرانجام دیتے ہیں۔پولیومہم کے دوران کئی سیکیورٹی اور پولیو اہلکار جام شہادت بھی نوش کرچکے ہیں جوکہ اس موذی مرض کے خاتمے کے لیے بڑی قربانی ہے۔پولیومہم کی کامیابی میں سب سے بڑا کردار والدین کا ہے ان کو چاہیئے کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں۔کیونکہ بعض والدین انکاری ہوتے ہیں جس کی وجہ سے ان کے بچے زندگی بھر کے لیے معذور ہوجاتے ہیں۔اس مہم کو کامیاب بنانے کے لیے اشتہاری مہم چلانے کے ساتھ ساتھ علماء کرام کا تعاون بھی حاصل کرنے کے لیے اقدامات کرنے چاہئیں۔علماء کرام میں خصوصاً امام مسجد کا معاشرے میں بڑااہم کردار کے ساتھ ساتھ عزت بھی ہوتی ہے وہ اپنی مساجد میں پولیو کے خلاف مہم کوکامیاب بنانے اورعوام میں شعورلانے کے لیے اقدامات کرسکتے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.________ Dated: 29 MAY 2025 Page No.________

## قوم کو یوم تکبیر مبارک، بہت کچھ کرنا باقی ہے

28 مئی کو پورے پاکستان میں یوم تکبیر کے حوالے سے تعطیل کا اعلان کیا گیا اور ملک بھر میں پاکستان کے ایٹمی طاقت بننے پر مختلف تقاریب کا اہتمام کیا گیا۔ ملک کے دفاع کے حوالے سے حکمرانوں اور عوام نے اپنے بھرپور جوش و جذبے کا اظہار کیا۔ اللہ تعالیٰ کا بڑا شکر ہے کہ پاکستان پوری مسلم امہ میں واحد ایٹمی طاقت بن چکا ہے۔ ن لیگ کا ہی دور تھا جب پاکستان نے انڈیا کے جواب میں ایٹمی دھماکے کر کے اپنی یہ شناخت حاصل کی تھی۔ ملک کو ایٹمی طاقت بنانے کا سہرا پیپلز پارٹی بھی اپنے سر لیتی ہے اور ن لیگ بھی اس معاملے میں خود کو سب کچھ گردانتی ہے۔ یہ موقع اس بحث کا نہیں ہے کہ کس جماعت نے ملک کو ایٹمی طاقت بنانے کے لیے کیا کردار ادا کیا۔ اصل سوال آج یہ ہے کہ ایک ایٹمی طاقت کے عوام بنیادوں حقوق سے محروم کیوں ہیں؟ کیا وجہ ہے کہ آج آدھی سے زیادہ آبادی کے پاس پینے کے لیے صاف پانی نہیں ہے، بجلی اور گیس میسر نہیں ہے؟ مفت تعلیم اور صحت کا تو تصور ہی ختم ہوتا جا رہا ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان دفاعی لحاظ سے انتہائی مضبوط ملک بنتا جا رہا ہے، ایٹمی طاقت ہونے کے ساتھ ساتھ میزائل ٹیکنالوجی اور جنگی جہازوں کی تیاری نے پاکستان کو ایک اعلیٰ مقام عطا کیا ہے۔ تاہم اندرونی طور پر پاکستان میں دو طبقے بن گئے ہیں، ایک اشرافیہ ہے جسے ہر سہولت میسر ہے اور جس پر کوئی قانون لاگو نہیں ہوتا، دوسری جانب عوام ہیں جنہیں کوئی سہولت تو دور، ان کے بنیادی حقوق بھی میسر نہیں ہیں۔ پاکستان کا اصل مسئلہ اب دفاع نہیں بلکہ یہ اندرونی طبقاتی نظام ہے۔ ایک جانب ایک ریٹائرڈ سرکاری ملازم بیرون ملک جزیرے خرید رہا ہے اور دوسری جانب عوام اپنے پیاروں کی لاشیں اٹھا رہے ہیں، ایک جانب مہنگی ترین گاڑیوں میں یہ اشرافیہ گھومتی نظر آتی ہے اور دوسری جانب عوام بھوک سے مر رہے ہیں۔ ایک جانب ان کو اتنی آزادی ہے کہ سزا ہونے کے باوجود بیرون ملک علاج کے لیے جا سکتے ہیں، اشتہاری ہونے کے باوجود ایئرپورٹ پر ان کے فنگر پرنٹس لے لیے جاتے ہیں اور دوسری جانب عوام اپنے پیاروں کو برسوں سے ڈھونڈ رہے ہیں اور ان کا کوئی پرسان حال نہیں۔

آج کے اس دور میں کسی بھی ملک کو بیرونی حملہ کر کے نہیں توڑا جا سکتا، چاہے یوکرین یا افغانستان جیسا چھوٹا ملک ہی کیوں نہ ہو اور دوسری جانب روس اور امریکہ جیسی طاقتیں آدھی دنیا کی فوج لے کر بھی ان ملکوں کا کچھ نہیں کر سکیں۔ وجہ یہی ہے کہ اب کسی بھی ملک کو بیرونی حملہ آور سے خدشہ نہیں ہے، اس سے ملکی فوج اور عوام دونوں لڑتے ہیں لیکن اصل مسئلہ اس وقت درپیش ہوتا ہے جب عوام اور اشرافیہ لڑتے ہیں، ملک کو سب سے زیادہ نقصان اس وقت ہوتا ہے۔ حکمرانوں کو آج اس موقع پر فیصلہ کرنا ہوگا کہ انہوں نے ملک کو واقعی مضبوط کرنا ہے یا محض ان ہتھیاروں کی بنیاد پر ملک کو چلانا ہے اور پھر ملک چاہے دو ٹکڑے ہو یا چار ٹکڑے ہو جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No.

Dated: 29 MAY 2025 Page No.


# یوم تکبیر "ہیروز کو یاد رکھیں"


حاجی محمد سعید چشتی نظامی

saeed87alam@gmail.com


پاکستانی تاریخ میں چند ہی ایسے روشن نام ہیں جو تابندہ ستاروں کی مانند چمکتے ہیں، اور ان میں سرفہرست نام ہے ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا جنہیں بابائے ایٹمی پاکستان کہا جاتا ہے۔ وہ نہ صرف ایک عظیم سائنسدان تھے بلکہ سچے محب وطن، بلند حوصلہ شخصیت اور قوم کے حقیقی ہیرو بھی تھے۔ ڈاکٹر قدیر نے پاکستان کو مسلم دنیا کی پہلی ایٹمی طاقت بنا کر نہ صرف دشمنوں کے عزائم خاک میں ملا دیے بلکہ قوم کو وقار، حوصلہ اور خوداعتمادی کا نیا شعور بخشا۔ بھوپال کی پرسکون گلیوں سے عالمی سطح کے سائنسدان بننے تک کا ان کا سفر علم، قربانی اور خلوص وطن کی بے مثال داستان ہے۔ یہ مضمون اس عظیم فرزند پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرتا ہے جس کا نام آج بھی ملت پاکستان کے دل کی دھڑکن ہے۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان جو اے کیو خان کے نام سے بھی پکارے جاتے تھے۔ آپ کی پیدائش پاکستان بننے سے پہلے 1 اپریل 1936 کو بھوپال، ہندوستان میں ہوئی۔ ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی عمر تقریباً بارہ سال ہوگی جب پاکستان برطانیہ سے آزاد ہوا۔ اور 1952 میں تقریباً 16 سال کی عمر میں مغربی پاکستان آگئے۔ آپ نے سینٹ انتھونی ہائی سکول میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد 1960 میں کراچی کے ڈی جے سائنس کالج میں داخلہ لیا جہاں انھوں نے فزکس اور ریاضی کی تعلیم حاصل کی۔ آپ نے کراچی یونیورسٹی سے فزیکل میٹالرجی میں ڈگری حاصل کی آپ نے گریجوایشن کے بعد کراچی میں وزن اور پیمائش کے انسپکٹر کی نوکری قبول کی۔ بعد میں استعفیٰ دے دیا اور پھر ہالینڈ چلے گئے۔ انھوں نے مغربی برلن اور پھر ڈیلفٹ نیدرلینڈز گریجوایشن اور 1967 میں ماسٹر ڈگری حاصل کی۔ 1972 میں آپ نے بلجیم کی کیتھولک یونیورسٹی آف لیوین سے میٹالرجیکل انجینئرنگ میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔ آپ نے 1964 میں ایک برطانیہ کی شہریت رکھنے والی خاتون ہینڈریا ریٹرنک سے شادی کی جو جنوبی افریقہ میں ڈچ کرکین وطن والدین کے ہاں پیدا ہوئی تھی اور نیدرلینڈز منتقل ہونے سے پہلے اس وقت شمالی روڈیشیا (زیمبیا) میں پرورش پائی۔ ڈاکٹر قدیر خان پاکستان کے مشہور سائنسدان اور میٹالرجیکل انجینئر ایٹمی پروگرام کے لئے گیس سینٹری فیوج افزودگی ٹیکنالوجی کے بانی کے طور پر پوری دنیا میں جانا جاتا ہے۔ آپ کی محنت سے آج پاکستان ناقابل تسخیر خطہ ہے۔ جو ہر جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ہماری پاک فواج نے دنیا میں اپنی بہادری اور اعلیٰ تربیت یافتہ ہونے کا لوہا منوایا ہے۔ 17 ستمبر 1974 کو ڈاکٹر عبدالقدیر خان ن اس وقت کے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کو خط لکھا تھا جس میں انھوں نے پاکستان کو ایٹمی پاور بنانے کے لئے اپنی خدمات کی پیشکش کی۔ بھٹو صاحب منجھے ہوئے سیاست دان تھے انھوں نے ڈاکٹر عبدالقدیر خان کی اپنے جواب میں بہت حوصلہ افزائی کی۔ انھوں نے آپ کو پاکستان آنے کی دعوت دی۔ دسمبر 1974 میں وزیراعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو سے ملے۔ انھوں نے منیر احمد خان سے بھی تفصیلی ملاقات کی۔ اور واپس ہالینڈ چلے گئے۔ جب وہ دوبارہ 1975 میں پاکستان واپس آئے۔ بھٹو صاحب سے ان کی دوبارہ ملاقات ہوئی۔ اور انھوں نے مجھے متعلقہ جگہوں کا معائنہ بھی کروایا۔ میں نے واپس ہالینڈ جانا تھا مگر بھٹو صاحب بضد تھے کہ آپ واپس نہ جائیں۔ مگر ڈاکٹر قدیر خان صاحب کی بھی جائز مجبوریاں تھیں۔ ان کی فیملی ہالینڈ میں تھی۔ انکے بچے وہاں زیر تعلیم تھے۔ ان کی نوکری بھی وہاں تھی۔ اس لئے میں پاکستان میں رکنا میرے لئے مشکل ہے۔ البتہ میں اس مشن کے لئے پاکستان کے سائنسدانوں کو راہنمائی کروں گا۔ 15 دسمبر 1975 کو ڈاکٹر قدیر خان ہالینڈ سے بمع فیملی پاکستان آگئے۔ 1976 میں آپ نے انجینئرنگ ریسرچ لیبارٹریز (ERL) کا قیام عمل میں لایا۔ مئی 1998 میں پاکستان نے بھارتی ایٹم بم کے تجربے کیے بعد پہلا کامیاب تجربہ بلوچستان میں چاغی کے مقام پر پہاڑوں میں کیا جو ڈاکٹر قدیر خان کی نگرانی میں ہوا تھا۔ کہوٹہ ریسرچ لیبارٹری کے قیام کے بعد سائنسدانوں نے بھرپور محنت و مشقت کی اور نہ صرف ایٹم بم بنا لیا بلکہ ہزاروں کلومیٹر دور تک مار کرنے والے غوری میزائل کے علاوہ مختلف رینج تک مار کرنے والے متعدد میزائل تیار کرکے قوم کو خوشخبری دی۔ اس ادارے نے ملٹی بیرل راکٹ لانچر، لیزر تھریٹ سینسر، ڈیجیٹل گونیومیٹر، ریموٹ کنٹرول مائن ایکسپلوڈر، ٹینک شکن گن کے علاوہ پاک فوج کے لئے اعلیٰ معیار کا جدید دفاعی آلات بنائے۔ اس ادارے نے ٹیکسٹائل انڈسٹری کیلئے کئی آلات بھی بنائے۔ ڈاکٹر قدیر خان نے اپنی ایک تحریر میں خود لکھا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی پروگرام کا سنگ بنیاد ذوالفقار علی بھٹو نے رکھا تھا اور بعد میں آنے والے حکمرانوں نے اسے ترقی دے کر منزل حاصل کی۔ ڈاکٹر قدیر خان کو کل تیرہ طلائی تمغے ملے تھے۔ انھوں نے ایک سو پچاس سے زائد سائنسی تحقیقی مقالے بھی لکھے ہیں 1993 میں کراچی یونیورسٹی نے ڈاکٹر اے کیو خان کو ڈاکٹر آف سائنس کی اعزازی سند بھی دی تھی۔ 14 اگست 1996 میں صدر فاروق لغاری نے آپ کو پاکستان کا سب سے بڑا سول اعزاز نشان امتیاز دیا تھا۔ جبکہ 1989 میں ہلال امتیاز کا تمغہ بھی آپ کو عطا کیا گیا۔ انھوں نے پاکستان کے جوہری پروگرام میں اپنے کردار کے بعد قومی خلائی ایجنسی سپارکو کو دوبارہ منظم کیا۔ 1990 کی دہائی میں آپ نے پاکستان کے خلائی پروگرام خاص طور پر پاکستان کے سیٹلائٹ لانچ وہیکل (SLV) میں اہم کردار ادا کیا۔ ڈاکٹر قدیر خان نے کہا کہ مجھ پر ایٹمی راز فروخت کرنے کا الزام سراسر جھوٹ ہے۔ آپ نے پاکستان میں کئی انجینئرنگ یونیورسٹیوں کے قیام میں بھی مرکزی کردار ادا کیا۔ انھوں نے غلام اسحاق خان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی میں میٹالرجی اینڈ میٹیریل سائنسز انسٹی ٹیوٹ کا قیام عمل میں لایا۔ آپ نے اداروں کی ترقی اور قیام کے لئے ایگزیکٹو ممبر اور ڈائریکٹر دونوں کے طور پر کام کیا۔ اداروں نے ان شعبوں کا نام ڈاکٹر اے کیو خان ڈیپارٹمنٹ رکھ دیا۔ انھوں نے دیگر یونیورسٹیوں میں میٹالرجیکل انجینئرنگ کورسز کا بھی اہتمام کیا۔ پاکستان میں بہت سارے سکول آپ کے نام سے منسوب ہیں جہاں اعلیٰ تعلیم دی جا رہی ہے۔ آپ کی انتھک محنت اور پاکستان کو جو عزت آپ کے کردار سے ہوئی قوم آپ کو سلام کرتی ہے۔ اور پورے پاکستان میں انھیں عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ آپ نہ صرف پاکستان میں بلکہ پوری دنیا میں بہت مقبول تھے۔ محسن پاکستان اور نامور ایٹمی سائنسدان ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے 85 برس کی عمر میں انتقال فرمایا۔ آپ کی نماز جنازہ اسلام آباد میں فیصل مسجد میں تین بجے ادا کی گئی۔ انھیں سرکاری اعزاز کیساتھ سپرد خاک کیا گیا۔ اسلام آباد کے قبرستان میں پہلی مرتبہ ایسی روحانی فضا دیکھی۔ جس میں

[illegible]" کی صدائیں [illegible] اور شمعیں جلا کر محسن پاکستان کو [illegible] عقیدت پیش کر رہے تھے۔ ڈاکٹر [illegible] خان اس روحانی منظر سے [illegible] ہوئیں۔ ان کی آنکھیں نم تھیں۔ انہوں نے کہا: "یہ منظر میرے لئے [illegible] باعث ہے کہ میرے والد کا پیغام اور مشن آج بھی زندہ ہے۔ اور قوم ان سے محبت کرتی ہے۔" اس موقع پر [illegible] نعیم احمد سجادہ نشین آستانہ عالیہ [illegible] شریف نے کہا کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان صرف ایٹمی سائنسدان ہی نہیں بلکہ قوم کے معمار بھی تھے۔ انہوں نے کہا: "ہم ان کی بیٹی کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ہم ان کے قائم اداروں کو کامیاب دیکھنا چاہتے ہیں، اور ہر ممکن مدد کریں گے۔" دیگر مقررین نے بھی ڈاکٹر اے کیو خان کی خدمات کو سراہا اور ان کی بیٹی کے حوصلے اور عزم کو خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر دینا خان کو "محسن قدیر" کا لقب بھی دیا گیا۔ ڈاکٹر دینا خان نے اپنے خطاب کے اختتام پر کہا: "یہ صرف ایک بیٹی کی کوشش نہیں بلکہ ایک قوم کا قرض ہے جو ادا کیا جا رہا ہے۔ میں وعدہ کرتی ہوں کہ میرے والد کا ہر خواب، ہر منصوبہ اور ہر ارادہ پورا کیا جائے گا۔ پاکستان ایک عظیم ملک ہے، اور ہمیں مل کر اسے عظیم تر [illegible] ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا [illegible] لاتعداد تعلیم یافتہ لوگوں نے اپنا مستقبل اس لئے تباہ کرلیا ہے کہ وہ دینی تعلیم سے بے بہرہ تھے۔ ان کی دنیاوی تعلیم و معلومات ان کے کسی کام نہیں آئیں۔ پاکستان زندہ باد!!